© rasailojaraid.com



مولانا حامد الحق حقانی
مدرس جامعہ دارالعلوم حقانیہ

# دارالعلوم کے شب و روز

**حضرت مہتمم صاحب کی مصروفیات و اسفار :** حضرت مہتمم صاحب کے ۷۔۸ مئی ۲۰۱۵ء کو دو روزہ دورے پر مصر تشریف لے گئے ، جہاں جامعۃ الازھر، مجمع الفقہ الاسلامی جدہ اور عالمی ادارہ صحت کے زیراہتمام بین الاقوامی کانفرنس میں شرکت کی ، اس کے علاوہ شیخ الازھر اور سعودی فرمانروا شاہ سلمان کے مشیر خاص اور حرم مکی کے امام شیخ صالح بن حمید سے بھی تفصیلی ملاقات کی۔

☆ ۳۱ مئی کو حضرت مہتمم صاحب نے مہمند ایجنسی میں دارالعلوم حقانیہ کے فاضل مولانا عبدالحق حقانی کے مدرسہ جامعہ عبداللہ ابن مسعودؓ کی تقریب جلسہ دستار بندی میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے ، جہاں جمعیت کے مقامی مہمند ایجنسی کے ذمہ داران مولانا افتخار احمد حقانی جامعہ دارالعلوم خلفائے راشدین میاں منڈی ، مولانا لیاقت علی حقانی باروخیل نے مختلف علاقوں میں عوام الناس، فضلاء دارالعلوم اور جمعیت علماء اسلام کے کارکنوں کے ساتھ پر جوش استقبال کیا۔

☆ ۱۱ رجون کو برما کے مسلمانوں کے ساتھ اظہار یکجہتی کے سلسلے میں پشاور میں جمعیت علماء اسلام کے زیراہتمام کانفرنس کا انعقاد کیا گیا ،مولانا سید جہان حقانی نے مقامی شادی ہال میں اس پر رونق مجلس کا اہتمام کیا تھا جہاں پر میڈیا کے سامنے حضرت مہتمم صاحب نے روہنگیا میں مسلمانوں کے قتل عام اور بدھسٹ کے ظالمانہ سلوک پر جمعیت اور پاکستانی عوام کا موقف پیش کرتے ہوئے پرزور مذمت کی۔

۱۲ رجون کو مولانا غلام حبیب نقشبندی مرحوم کی خانقاہ اور مدرسہ جامعہ حنفیہ چکوال میں مولانا عبدالقدوس کی دعوت پر ختم نبوت کانفرنس میں شرکت کی۔

**حضرت مولانا انوارالحق دوبارہ پانچ سال کیلئے مرکزی نائب صدر نامزد:**

شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب امیر وفاق المدارس العربیہ اور ناظم اعلیٰ وفاق المدارس کے مشاورت سے حضرت مولانا شیخ الحدیث محمد انوار الحق کو ایک بار پھر پانچ سال کیلئے وفاق المدارس العربیہ کے مرکزی نائب صدر نامزد کیا گیا ،جس پر دارالعلوم حقنیہ کے جملہ منتظمین قائدین کے شکرگزار ہیں۔

© rasailojaraid.com